© rasailojaraid.com

کی دس آیات کو لے کر ہر آیت کے تحت سنت نبوی کو مدلل انداز میں احکام شرعیہ کا ماخذ ثابت کیا گیا ہے، اصل میں یہ وہ مقالات ہیں جو ماہنامہ ''بینات'' میں قسط وار شائع ہوتے رہے، بعدازاں ان میں ترمیم کرکے ان کو کتابی شکل میں شائع کیا گیا جس میں ''پیش لفظ'' حضرت مولانا علامہ محمد یوسف بنوری رحمہ اللہ کا ہے، کتاب میں ایک مقدمہ اور دو باب قائم کیے گئے ہیں، پہلا باب ''لفظ سنت کی تحقیق اور استعمال'' کے عنوان سے، جبکہ دوسرا باب ''سنت کا مصداق قرآن حکیم میں'' کے عنوان سے ہے، یہ کتاب تیس سال قبل چھپ کر نایاب ہو چکی تھی، کتاب کا یہ ایڈیشن مولانا محمد امیر علوی میرٹھی (فاضل جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن) کے حواشی وتعلیقات اور تسہیل کے ساتھ شائع ہوا ہے۔

یہ کتاب فتنۂ انکار حدیث اور اہل استشراق کی دسیسہ کاریوں کا بہترین سد باب ہے، عوام وخواص سب کے لیے مفید ہے، البتہ اس ایڈیشن کی فہرست ناقص اور نظر ثانی کے قابل ہے، ابتدائی چند عنوانات کی ترتیب میں پس وپیش ہے اور پوری فہرست میں صفحات غلط ہیں، صفحہ 260 سے 310 تک کی فہرست ہی سرے سے غائب ہے، تصحیح وکمپوزنگ پر بھی کما حقہ توجہ نہیں دی گئی، جب کہ ٹائٹل بھی جاذب نظر نہ ہونے کے ساتھ خطاطی بھی کافی ناقص ہے' امید ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں ان امور کی اصلاح کی جائے گی۔

کتاب کی جلد بندی مضبوط اور کاغذ درمیانہ ہے، ملنے کا پتہ: بنگلہ نمبر A-23/3، شاہ فیصل کالونی نمبر 3 کراچی۔

**مثالی بیوی**، مؤلف: محمد حنیف عبدالمجید، ناشر: مکتبہ دارالھدیٰ، اردو بازار کراچی، صفحات: ۲۷۶، قیمت: درج نہیں۔

ایک خاندان کے پُرسکون اور بہترین زندگی گزارنے میں عورت کے کردار کو مرکزی حیثیت حاصل ہے، چونکہ عورت میں برداشت کا مادہ کم ہوتا ہے لہٰذا اگر عورت کی تربیت نہ کی جائے اور اس کو صحیح ماحول میسر نہ ہو تو وہ پورے خاندان کی بے سکونی کا سبب بن سکتی ہے وگرنہ یہی عورت دنیا میں بھی جنت ہے، ''مثالی بیوی'' کے نام سے یہ تالیف عورت کی وجہ سے پیدا ہونے والے سماجی اور معاشرتی بگاڑ کو سدھارنے کی ایک بہترین کوشش ہے، خوش گوار زندگی گزارنے کے لیے عورت کو کن امور کا اہتمام اور کن امور سے اجتناب کرنا چاہیے ان تمام کو اس کتاب میں ذکر کیا گیا ہے۔

مثالی بیوی کے لیے سب سے پہلے نیت کی درستگی، دعاؤں کا اہتمام اور ان کا طریقہ، بے مثال عورت کے لیے قرآن کریم میں بیان کردہ دس صفات، ازدواجی زندگی کو پُرسکون گزارنے کے لیے میاں بیوی کی متفرق ذمہ داریاں، محبت پیدا کرنے کے لیے اہم تدابیر، گفتگو میں نرمی، احتیاط، جواب دینے کے بجائے خاموش رہنا اور آپس کے امور میں نرمی اور خوش اخلاقی کی ترغیب دی گئی ہے، پرسکون زندگی گزارنے میں بیوی کے لیے اہم ہدایات، دینی امور مثلاً: نماز اور پردے کا اہتمام نیز ہر طرح کے گناہوں مثلاً: جھوٹ، تکبر اور قطع رحمی وغیرہ سے بچنے کی تلقین کی گئی ہے۔

آخر میں چند مسنون اعمال اور ماثور دعائیں لکھی گئی ہیں، قرض، پریشانی، نظر بد اور جادو وغیرہ جیسی مصیبتوں سے بچنے کے لیے قرآن وحدیث میں بیان کردہ اعمال ذکر کیے گئے ہیں۔ یہ کتاب مکتبہ دارالھدیٰ سے شائع ہوئی ہے اور ہر طبقہ کی خواتین خصوصاً شادی شدہ خواتین کے لیے انتہائی مفید ہے، مضبوط جلد بندی کے ساتھ متوسط کاغذ پر شائع ہوئی ہے۔

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com